# چاند میری زمیں پھول میرا وطن

## ملی ترانوں کا مجموعہ

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' ﴿ملی ترانوں کا مجموعہ﴾ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

# قومی ترانہ

پاک سر زمین شاد باد
کشور حسین شاد باد
تو نشان عزم عالی شان
ارضِ پاکستان
مرکز یقین شاد باد
پاک سر زمین کا نظام
قوت اخوت عوام
قوم ، ملک ، سلطنت
پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزل مراد
پرچم ستارہ و ہلال
رہبر ترقی و کمال
ترجمان ماضی، شانِ حال
جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' قومی ترانوں کا مجموعہ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے
اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے

اس کی بنیادوں میں ہے تیرا لہو میرا لہو
اس سے تیری آبرو ہے اس سے میری آبرو
اس سے تیرا نام ہے اس سے میری پہچان

اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے
تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے
اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے
اک دیار نور نکہت وادی مہران ہے

نور آنکھوں کا میری خاک بلوچستان ہے
دل ہے سرحد کی زمین پنجاب جسم و جان ہے

اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے
تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے
اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے

یہ میرے قائد کی جیتی جاگتی تصویر ہے
حضرت اقبال کے خوابوں کی یہ تعبیر ہے
یہ وطن پیارا وطن سرمایہ ایمان ہے

اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے
تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے
اس پر دل قربان اس پر جان بھی قربان ہے

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' ملی ترانوں کا مجموعہ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

☆

اقبال ہے اقبال ہے اقبال ہمارا
اقبال ہے اقبال ہے اقبال ہمارا
اقبال ہمارا

شاعر ہے رہنما بھی ہے اقبال ہمارا
اقبال ہمارا
اقبال ہے اقبال ہے اقبال ہمارا
اقبال ہمارا

اقبال کے پیغام کو ہم زندہ رکھیں گے
ہم زندہ رکھیں گے
اقبال کے پیغام کو ہم زندہ رکھیں گے

صدیوں تلک اس نام کو ہم زندہ رکھیں گے
اس نے کیا بلند پھر اقبال ہمارا

اقبال ہے اقبال ہے اقبال ہمارا
اقبال ہمارا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## میں بھی پاکستان ہوں

میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے
تو تو میری جان ہے تو تو میری آن ہے تو میرا ایمان ہے
میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے

کہتی ہے یہ راہ عمل آؤ ہم سب ساتھ چلیں
مشکل ہو یا آسانی ہاتھ میں ڈالے ہاتھ چلیں
سورج ہے سرحد کی زمین چاند بلوچستان ہے
میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے

گلشن ہو یا پربت ہوں ہم سے کوئی دور نہیں
دل کس کی تعریف کرے ہو گوشہ ہے آپ حسیں
دھڑکن ہے پنجاب اگر دل اپنا مہران ہے
میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے
میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' ﴿ملی ترانوں کا مجموعہ﴾ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

یہ دیس ہمارا ہے
یہ دیس ہمارا ہے
اسے ہم نے سنوارا ہے
اس کا اک اک ذرہ
ہمیں جان سے پیارا ہے

یہ دیس، یہ دیس ہمارا ہے
یہ دیس ہمارا ہے اسے ہم نے سنوارا ہے

مزدور بھی ہم اس کے
دہقان بھی ہم اس کے
اللہ کی رضا ہیں

نگہبان بھی ہم اس کے
رنگ اس کو دیئے ہم نے
اسے ہم نے نکھارا ہے

یہ دیس، یہ دیس ہمارا ہے
یہ دیس ہمارا ہے اسے ہم نے سنوارا ہے

یہ دیس، یہ دیس ہمارا ہے
یہ دیس ہمارا ہے اسے ہم نے سنوارا ہے

’’چاند میری زمیں پھول میرا وطن‘‘ (قومی ترانوں کا مجموعہ) انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

☆

## اپنا پرچم ایک ہے

اپنا رستہ اپنی منزل اپنی دھوپ اور چھاؤں ایک ہے
خوشیاں سانجھی آنسو سانجھے نگری گاؤں ایک ہے

راوی، جہلم، سندھ، پنجاب اپنے ساتھ اپنے مضراب
پیار کا دیا ایک ہمارا پیار کی شبنم ایک ہے

اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے
اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے

سبز ہرے میدانوں میں آگ بھرے کھلیانوں میں
آج کی رات مل کر گائیں آؤ ہم سب ایک ہیں

اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے

نوبت باجے دم دم تیز قدم تیز قدم
پیار کا دیا اک ہمارا پیا کی شبنم ایک ہے

اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے
اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے

جینے کا آہنگ انداز تراش قریں قرینہ ایک
فقط خیال ارادہ زیادہ ساحل ایک سفینہ ایک
درد کا دارو ایک ہمارا زخم کا مرہم ایک ہے
اپنا پرچم ایک ہے اپنا قائداعظم ایک ہے

CyberLibrary.Net All rights reserved 2006

’’چاند میری زمیں پھول میرا وطن‘‘ ملی ترانوں کا مجموعہ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

اے وطن پیارے وطن
اے وطن ، پیارے وطن
اے وطن ، پیارے وطن
پاک وطن ، پاک وطن
اے وطن ، پیارے وطن

تجھ سے ہے میری تمناؤں کی دنیا پرنور
تجھ سے ہے میری تمناؤں کی دنیا پرنور،
عزم میرا کبھی میرے ارادے ہیں مضبوط
میری ہستی میں انا ہے میری مستی میں شعور
جاں نذر میرا تخیل ہے تو شیریں ہے سخن

اے وطن ، پیارے وطن
اے وطن ، پیارے وطن
پاک وطن ، پاک وطن
اے وطن ، پیارے وطن

تو دل افروز بہاروں کا تروتازہ چمن
تو دل افروز بہاروں کا تروتازہ چمن
تو مہکتے ہوئے پھولوں کا سہانا گلشن
تو نوارز عناصر کا بھاری مسکن
رنگ و آہنگ سے معمور تیرے کوہ و دمن

اے وطن ، پیارے وطن
میرا دل تیری محبت کا ہے جاں بخش دیاں

IqbalCyberLibrary.Net

میرا دل تیری محبت کا ہے جاں بخش دیاں
میرا سینہ تیری حرمت کا ہے سنگیں نشاں
میرے محبوب وطن تجھ پہ اگر جاں ہو نثار
میں یہ سمجھوں گا ٹھکانے لگا سرمایہ تن

اے وطن ، پیارے وطن

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006

## چاند میری زمیں

چاند میری زمیں پھول میرا وطن
میرے کھیتوں کی مٹی میں لعل یمن

میرے ملاح لہروں کے پالے ہوئے
میرے دہقاں پسینوں کے گھالے ہوئے
میرے مزدور اس دور کے کوہکن

چاند میری زمیں پھول میرا وطن

میرے فوجی جواں جراتوں کے نشاں
میرے اہل قلم عظمتوں کی زباں
میرے محنت کشوں کے سنہرے بدن

چاند میری زمیں پھول میرا وطن

میرے دہقان یونہی ہل چلاتے رہیں
میری مٹی کو سونا بناتے رہیں
گیت گاتے رہیں میرے شعلہ بدن

چاند میری زمیں پھول میرا وطن

IqbalCyberLibrary.Net

میری سرحد پہ پہرا ہے ایمان کا
میرے شہروں پہ سایہ ہے قرآن کا
میرا اک اک سپاہی ہے خیبر شکن

چاند میری زمیں پھول میرا وطن

☆

جیوے جیوے پاکستان
جیوے جیوے پاکستان
جیوے جیوے پاکستان

پاکستان پاکستان جیوے پاکستان
جیوے جیوے جیوے جیوے

مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری
رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری
پاکستان!!

جیوے جیوے پاکستان!

IqbalCyberLibrary.Net

من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سر بکھرائے
سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے
پاکستان!!

جیوے جیوے پاکستان

بکھرے ہوؤں کو بچھڑے ہوؤں کو اک مرکز پہ لایا
کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا
پاکستان!!

جیوے جیوے پاکستان!

سب محنت کش گلے اور ابھرا ایک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام
پاکستان!!

جیوے جیوے پاکستان

جھیل گئے دکھ جھیلنے والے اب ہے کام ہمارا
ایک رکھیں گے ایک رہے گا ایک ہے نام ہمارا

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved. ©2002-2006

## ہم تیرے رکھوالے

ہم تیرے رکھوالے ہم تیرے رکھوالے
پاک وطن ہم تیرے بیٹے تیری گود کے پالے

اللہ اللہ اپنا رتبہ ہم تیرے رکھوالے
ہم تیرے کتنے کرماں والے

ایک دل دھڑکن ایک عقیدہ ایک جذبہ جاں اور
نام محمد برکت والا باور اپنا باور

حیدر خالد طارق ٹیپو اپنے چند حوالے
اللہ اللہ اپنا رتبہ ہم تیرے رکھوالے

تیرے پرچم کے سائے میں آگے آگے جائیں
دم دم تیرے راس رچائیں تیری جگنی گائیں

چاند بکھیرے چم چم چاندی سورج رنگ اٹھائے
اللہ اللہ اپنا رتبہ ہم تیرے رکھوالے

گھوٹ کی راہ سنبھالیں ترے نگر نگر لشکاریں
راوی سندھ چناب اور جہلم بہتے چاند ستارے

پیچھے ہنستے بستے رہتے آگے حسیں رسالے
اللہ اللہ اپنا رتبہ ہم تیرے رکھوالے

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' (ملی ترانوں کا مجموعہ) انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 www.nayaab.net © Copyright

☆

## تو زندہ تو ہم زندہ

اے ہم سفر والے ہم قدمو
ہمدوش باہم ہاتھوں میں علم اللہ کا کرم

منزل منزل بڑھتے ہیں قدم اے پاک وطن
تو درخشندہ تو پائندہ تو زندہ تو ہم زندہ

تو زندہ تو ہم زندہ تو زندہ تو ہم زندہ
اے ہم سفر والے ہم قدمو

اے ارض وطن تیرے دم کی قسم
خوشیوں کی قسم تیرے غم کی قسم

ہر ذرہ پہ دل رکھ دیں گے
ہر شاخ میں پھول پروئیں گے

ہر ناکے میں سورج لے کر
راتوں میں ستاروں لوٹیں گے
تیرا دامن خوشی گلشن گلشن
تیرے سر پہ سایہ ابر کرم
اے پاک وطن تو رخشندہ
تو پائندہ تو ہم زندہ

© Copyright www.nayaab.net 2006 سال انٹرنیٹ ایڈیشن دوم ''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' (ملی ترانوں کا مجموعہ)

ہو اللہ، ہو اللہ

اتنے بڑے جیون ساگر میں تو نے پاکستان دیا

ہو اللہ، ہو اللہ

اتنے بڑے جیون ساگر میں تو نے پاکستان دیا

ہو اللہ، ہو اللہ

اتنے بڑے جیون ساگر میں ہو چاہے اتنا پیچ بھنور میں

اک نیا انسان دیا تو نے پاکستان دیا، پاکستان دیا

ہو اللہ، ہو اللہ

اتنے بڑے جیون ساگر میں تو نے پاکستان دیا

ہو اللہ، ہو اللہ

اتنی مست راہ گزر میں اتنی مست راہ گزر میں

ہو اتنے کٹھن راہ سفر میں بڑھنے کا ارمان دیا

دن ساری دنیا کہہ دے تو نے اس دھرتی پہ رکھدی

اک نیا انسان دیا تو نے پاکستان دیا، پاکستان دیا

اتنے بڑے جیون ساگر میں تو نے پاکستان دیا

ہو اللہ، ہو اللہ

شاہ لطیف سے برکت پائی شاہ لطیف سے برکت پائی

ہو الن اور حالی کی دعائیں جن کو وطن نے مان لیا

ہو اللہ، ہو اللہ

© Copyright www.nayaab.net سال 2006 انٹرنیٹ ایڈیشن دوم ملی ترانوں کا مجموعہ ”چاند میری زمیں پھول میرا وطن“

☆

اللہ پاکستان رہے
اللہ پاکستان رہے
جب تک سورج چاند ہیں باقی جب تک باقی جہان رہے
اللہ پاکستان رہے

پاکستان کا گوشہ گوشہ گلی گلی آباد رہے
پاکستان کا بچہ بچہ شاد رہے آزاد رہے
آنکھیں ہوں خوابوں سے روشن سینوں میں ایمان رہے
اللہ پاکستان رہے

اس کے پہاڑوں دریاؤں پر ، میدانوں صحراؤں پر
اس کے بھرے پرے شہروں پر ہر قریئے ہر گاؤں پر
تیری رحمت کی بارش ہو ، تیرا کرم ہر آن رہے
اللہ پاکستان رہے

اس کے طفل و جواں کو جنون دے عرفان و آگاہی کا
یا رب اس کو ڈھنگ سکھا دے دلوں کی شہنشاہی کا
علم محبت محنت دے دے ، عام تیرا فیضان رہے
اللہ پاکستان رہے

پاکستان میں بسنے والے اپنی آپ نظیر رہیں
دل و دماغ و دست و بازو مصروف تعمیر رہیں
تو ہے ازل سے ابد تک قائم ، قائم تیرا نشان رہے
اللہ پاکستان رہے

آہا، آہا، آہا، آہا

نئے دنوں کی مسافتوں کو اجالنا ہے
اجالنا ہے
وفا کے آسودہ ساعتوں کو سنبھالنا ہے
اجالنا ہے
امید صبح جمال اپنا خیال رکھنا

خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا
خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا
یہ دھوپ کس کی یہ چھاؤں کس کی
ہماری دولت ، ہماری دولت
یہ خاک پاک اس کی اپنی عزت ہے اپنی عظمت

## اپنی عظمت

نئے دنوں کی مسافتوں کو اجالنا ہے
وفا کے آسودہ ساعتوں کو سنبھالنا ہے
امید صبح جمال اپنا خیال رکھنا

خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا
خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا

وقار اس کا کبھی نہ کم ہو گا ، کبھی نہ کم ہو
کبھی نہ کم ہو
یہ سبز پرچم تمام عالم میں محترم ہو
محترم ہو
نئے دنوں کی مسافتوں کو اجالنا ہے
وفا کے آسودہ ساعتوں کو سنبھالنا ہے

امید صبح جمال اپنا خیال رکھنا

خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا
خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا
وطن سے ہم ہیں وطن ہے ہم سے خیال رکھنا

خیال رکھنا،خیال رکھنا
چلو ملا کر قدم قدم سے،خیال رکھنا'''خیال رکھنا
نئے دنوں کی مسافتوں کو اجالنا ہے
اجالنا ہے
وفا کے آسودہ ساعتوں کو سنبھالنا ہے
سنبھالنا ہے

امید صبح جمال اپنا خیال رکھنا
خیال رکھنا ، خیال رکھنا ، خیال رکھنا

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' ﴿ملی ترانوں کا مجموعہ﴾ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال2006 www.nayaab.net © Copyright

## ماؤں کی دعا پوری ہوئی

ماؤں کی دعا پوری ہوئی اور ہمیں
ماؤں کی دعا پوری ہوئی اور ہمیں
اتنی بڑی دنیا میں گھر مل گیا
اللہ کا احسان ہے ہمارا پاکستان ہے
ہم آن ہم شان ہم اس کی جان ہیں

ہر اک لمحہ اس کی خاطر کام کرنا ہے
دنیا میں اب روشن اس کا نام کرنا ہے
ہر اک لمحہ اس کی خاطر کام کرنا ہے
دنیا میں اب روشن اس کا نام کرنا ہے

وقت پڑے تو اس کی خاطر ہر دکھ سہہ لیں گے
جان لبوں پر آ جائے تو پھر بھی کہہ دیں گے
وقت پڑے تو اس کی خاطر ہر دکھ سہہ لیں گے
جان لبوں پر آ جائے تو پھر بھی کہہ دیں گے
ہم آن ہم شان ہم اس کی جان ہیں
ہم پاکستان ہیں

خواب ہے اقبال کا اور قائد کی امنگ
جیون سنگ لگانے رکھنا اس کی ہر لگن
خواب ہے اقبال کا اور قائد کی امنگ
جیون سنگ لگانے رکھنا اس کی ہر لگن
ہم آن ہم شان ہم اس کی جان ہیں
ہم پاکستان ہیں
ماؤں کی دعا پوری ہوئی اور ہمیں
ماؤں کی دعا پوری ہوئی اور ہمیں

© Copyright www.nayaab.net 2006 سال انٹرنیٹ ایڈیشن دوم ملی ترانوں کا مجموعہ ''چاند میری زمیں پھول میرا وطن''

اتنی بڑی دنیا میں گھر مل گیا
اللہ کا احسان ہے ہمارا پاکستان ہے
ہم آن ہم شان ہم اس کی جان ہیں
ہم پاکستان ہیں
ہم اس کی جان ہیں
ہم پاکستان ہیں

☆

## جاگ رہا ہے پاکستان

اپنی قوت اپنی جان
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن
جاگ رہا ہے پاکستان
نکلے ہیں مردان حق
سینوں میں لے کر قرآن
ہم سے رہے باطل ہشیار
ہم ہیں اک چڑھتا طوفان
اپنی قوت اپنی جان
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved 2002-2006

جاگ رہا ہے پاکستان
ہم ہیں قاسم کی آواز
ہم ہیں خالد کی للکار
ہم ہیں طارق کا بازو
ہم ہیں ٹیپو کی تلوار
اپنی قوت اپنی جان
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن
جاگ رہا ہے پاکستان
پرچم نصرت ہم سے کھلا
رسم شجاعت ہم سے چلی
ہم ہیں جوہر تیغ حسین
ہم ہیں زور دست علی
اپنی قوت اپنی جان

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن
جاگ رہا ہے پاکستان
زندہ ہیں تو غازی ہیں
دین پہ مٹ جائیں تو شہید
نعرہ اپنا ہے اسلام
کلمہ اپنا ہے توحید
اپنی قوت اپنی جان
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
ہر پل ہر ساعت ہر آن
جاگ رہا ہے پاکستان

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' (ملی ترانوں کا مجموعہ) انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

# سوہنی دھرتی

سوہنی دھرتی اللہ رکھے
قدم قدم آباد تجھے
تیرا ہر اک ذرہ ہم کو
اپنی جان سے پیارا
تیرے دم سے شان ہماری
تجھ سے نام ہمارا
جب تک ہے یہ دنیا باقی
ہم دیکھیں آزاد تجھے
سوہنی دھرتی اللہ رکھے
دھڑکن دھڑکن پیار ہے تیرا
قدم قدم پہ گیت رے

بستی بستی تیرا چرچ
نگر نگر میں میت رے
جب تک ہے یہ دنیا باقی
ہم دیکھیں آزاد تجھے
تیری پیاری سج دھج پہ
ہم واری واری جائیں
آنے والی نسلیں تیری
عظمت کے گن گائیں
جب تک ہے یہ دنیا باقی


© Copyright www.nayaab.net

## وطن کے سجیلے جوانو

اے وطن کے سجیلے جوانو
میرے نغمے تمہارے لیے ہیں
سرفروشی ہے ایماں تمہارا
جراتوں کے پرستار ہو تم
جو حفاظت کرے سرحدوں کی
وہ فلک بوس دیوار ہو تم
اے شجاعت کے زندہ نشانو
میرے نغمے تمہارے لیے ہیں
بیویوں ، ماؤں ، بہنوں کی نظریں
تم کو دیکھیں تو یوں جگمگائیں
جیسے خاموشیوں کی زباں سے

دے رہی ہوں وہ تم کو دعائیں
قوم کے اے جری پاسبانو
میرے نغمے تمہارے لیے ہیں
تم پہ جو کچھ لکھا شاعروں نے
اس میں شامل ہے آواز میری
اڑ کے پہنچوں گے تم جس افق پر
ساتھ جائے گی پرواز میری
چاند تاروں کے اے پاسبانو
میرے نغمے تمہارے لیے ہیں

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' (ملی ترانوں کا مجموعہ) انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 © Copyright www.nayaab.net

## وطن کی مٹی گواہ رہنا

وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی کو عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا

تیرے محلے کی ہر صدا میں تیری ہی خوشبو مہک رہی ہے
ہر اک سر میں ہر ایک لے میں تیری محبت چمک رہی ہے
گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی کو عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا

تیری زمین کے یہ چاند تارے ہیں جن کی آنکھوں میں پیار تیرا
صداقتوں کے دیئے جلا کر بڑھا رہے ہیں وقار تیرا
گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی کو عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا

ہر اک دل میں تیری لگن ہے تیری جانب ہر اک نظر ہے
تیری حفاظت کا عزم لے کر ہر ایک اپنے محاذ پر ہے
وطن کی مٹی گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا

وطن کی مٹی کو عظیم ہے تو
عظیم تر ہم بنا رہے ہیں گواہ رہنا
وطن کی مٹی گواہ رہنا

☆

## سورج کرے سلام

سورج کرے سلام چندا کرے سلام
سورج کرے سلام چندا کرے سلام
پیارے پاکستان سب تجھ پر قربان
سورج کرے سلام چندا کرے سلام
دل میں ایسی آگ لگا دے ہم کندن بن جائیں
ہم کندن بن جائیں
دل میں ایسی آگ لگا دے ہم کندن بن جائیں
ہم کندن بن جائیں
سدا تجھے جو دے ہریالی وہ ساون بن جائیں
وہ ساون بن جائیں
سدا تجھے جو دے ہریالی وہ ساون بن جائیں

''چاند میری زمیں پھول میرا وطن'' ملی ترانوں کا مجموعہ انٹرنیٹ ایڈیشن دوم سال 2006 www.nayaab.net © Copyright

اک اک سانس نثار تجھ سے اتنا پیار
اک سانس نثار تجھ سے اتنا پیار
اللہ بات بنائے رکھے تو ہم سب کا مان
سورج کرے سلام چندا کرے سلام
پیارے پاکستان سب تجھ پر قربان
اللہ بات بنائے رکھے تو ہم سب کا مان
تیرے ہر اک اشارے پر ہم جان لٹا دیں گے
ہم جان لٹا دیں گے
تیرے ہر اک اشارے پر ہم جان لٹا دیں گے
ہم جان لٹا دیں گے
وقت پڑا تو لہو سے تیری مانگ سجا دیں گے
تیری مانگ سجا دیں گے
اک اک سانس نثار تجھ سے اتنا پیار
اک سانس نثار تجھ سے اتنا پیار

اللہ بات بنائے رکھے تو ہم سب کا مان
سورج کرے سلام چندا کرے سلام

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved. ©2002-2006

## زمیں کی گود

زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
خدا کرے خدا کرے خدا کرے
خدا کرے سدا ہری بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
دلوں میں کوئی خواب تھا بسا ہوا
نظر میں اک گلاب تھا چھپا ہوا
عجب بہار میں کھلا وہ پھول مہتاب کا
عجب بہار میں کھلا وہ پھول مہتاب کا
یہ سادگی یہ زندگی یہ چاندنی خدا کرے
خدا کرے سدا یہ چاندنی رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
خدائے مہرباں کی یہ نشانیاں
رواں دواں یہ رنگ برنگ بدلیاں
خدائے مہرباں کی یہ نشانیاں
رواں دواں یہ رنگ برنگ بدلیاں
وہ بدلیوں کی اوٹ سے پکارتی ہے کہکشاں
وہ بدلیوں کی اوٹ سے پکارتی ہے کہکشاں
یہ بدلیاں یہ آسماں یہ کہکشاں خدا کرے
خدا کرے
خدا کرے یہ کہکشاں سجی رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے

## خدا کرے خدا کرے خدا کرے

خدا کرے سدا ہری بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے
زمیں کی گود رنگ سے امنگ سے بھری رہے

☆

IqbalCyberLibrary.Net
All rights reserved.
©2002-2006
WWW.